# صدر



میرے لیے انتہائی خوشی اور مسرت کا مقام ہے کہ بحیثیت صدر کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مجھے مالی سال 2022-23 کی کارکردگی جائزہ رپورٹ بابت چیمبر آف کامرس کوھاٹ پیش کرنے کی سعادت ملی اگر چہ میں نے حال ہی میں چارج سنبھالا مگر اس کے علاوہ بھی ایک فعال اور متحرک رکن کی حیثیت سے جاندار کردار ادا کرتا آرہا ہوں۔ دسمبر 2013 سے لے کر تا حال چیمبر آف کامرس کی پالیسیوں میں استحکام اور تسلسل برقرار رکھنے کے لیے کوشاں ہوں اور یہ ترجیح رہی ہے کہ کوھاٹ ریجن کے تاجروں کو بالخصوص اور خیبر پختونخوا کے تجارت پیشہ افراد کو بالعموم درپیش مسائل اور مشکلات کی نشاندہی اور انہیں حل کرنے کے اقدامات کیے جائیں ان کی پریشانیوں کو کم سے کم وقت میں ختم کیا جائے۔ معاشی استحکام کے لیے کاروبار کے مواقع تلاش کیے جائیں اور متعلقہ کاروباری افراد سے بالواسطہ یا بلاواسطہ ملاقات کر کے انہیں کوھاٹ چیمبر کا حصہ بنایا جائے اور معاشی و کاروباری ماہرین اور اعلیٰ درجہ کے حکام اور معیشت دانوں کو مدعو کر کے ان کے تجربات سے استفادہ کیا جائے اور اجلاسات میں مسائل کے حل کی راہیں ہموار کی جائیں اور ایسے سیشنز کا بار بار اہتمام کیا جائے اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس جدوجہد میں میں نے بے پناہ کامیابیاں پائیں مگر یہ سفر ابھی ختم نہیں کیا بلکہ یہ تو نقطہ آغاز ہے گو کہ محدود وسائل کے باوصف نہایت کم وقت میں جو ترقی کوھاٹ چیمبر نے کی کسی اور کے حصے میں نہیں آئی اس کے باوجود مجھے یقین کامل ہے کہ ہماری مختلف اداروں سے، دوست ملک چائنہ کے تعاون سے افغانستان براستہ کوہاٹ ٹرین سروس کے لئے میٹنگز ہوئی جس سے نہ صرف کوہاٹ بلکہ ملکی معیشت پر بہترین اثرات مرتب ہوں گے۔

گو کہ یہ رپورٹ کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایک مختصر جدوجہد ہے جو کم وسائل کے باوجود ستاروں پر کمند ڈالنے کے مترادف ہے مگر ہماری پالیسیوں کے استحکام اور تسلسل کا ایک پرتو ضرور ہے اور مجھے امید ہے کہ ہمارے کاروباری حضرات اور عوام اس کاوش کو سراہیں گے کہ سی پیک کے معاملات پر معززین کو ایک فورم پر بٹھا کر ان کی تجاویز کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ان کے آفیشل حکام کو دوروں پر آمادہ کیا جانا یقیناً ہمارے لیے باعث اعزاز ہے۔

ارشد حیات

صدر

کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

# توثیق آڈیٹر

مالی سال2022-23 کی پرفارمنس ریویو رپورٹ کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا ہم نے بغور جائزہ لیا جوصدر کوھاٹ چیمبر آف کامرس کے دفتر سے جاری کیا گیا اس جائزہ رپورٹ کی توثیق کی جاتی ہے کہ اسے معلوماتی اور برموقع محل ہر لحاظ سے درست پایا اس میں موجود مالیاتی تجزیہ ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ تمام حسابات 30 جون 2023 کوختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ ہیں تمام مالیاتی گوشواروں کا تجزیہ معقول اور مبنی بر نتائج پایا گیا۔

چارٹرا کاؤنٹنٹ

## تعارف:

کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری‘ کوہاٹ چیمبر کو ایک لمیٹڈ کمپنی 18 دسمبر 2013 انکارپوریٹڈ کمپنی ایکٹ 2017 کے تحت رجسٹرڈ کیا گیا جس کا رجسٹریشن نمبر 0086173 ہے کوہاٹ چیمبر ایک ٹریڈ باڈی کے طور پر کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے ساتھ رجسٹرڈ ہے جو ضلع کوہاٹ میں تجارت‘ کاروبار‘ صنعت و حرفت اور متعلقہ شعبہ جات کی خدمات کی کلی نمائندگی کا ذمہ دار ہوگا اس کا لائسنس نمبر 4173 ہے جسے وزارت تجارت حکومت پاکستان اسلام آباد نے 24 ستمبر 2013 کو جاری کیا اور ایف پی سی سی آئی کے سیکرٹری جنرل کراچی نے جاری کردہ سرٹیفکیشن کے مطابق 10 دسمبر 2013 کو FPCCI نے اجراء کیا یہ سٹیفکیٹ پانچ سال کے لیے کارآمد ہوتا ہے اور ضرورت کی بنیاد پر تجدید ہونے تک فعال رہتا ہے کوہاٹ چیمبر کی اہم سرگرمیوں میں کوہاٹ ریجن بھر میں تجارت اور صنعت کی ترقی‘ فروغ اور تعاون شامل ہے ایک چھوٹی رینج یا ضلعی سطح کا چیمبر ہونے کے ناطے کوہاٹ چیمبر صوبے کے دیگر ایسوسی ایٹ چیمبرز اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز کامرس اینڈ انڈسٹری کی ہر قسم کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا آ رہا ہے تاکہ ملک اور ضلع کوہاٹ کی تاجر برادری کو سامنے لانے کا موقع مل سکے اور وہ بھی اس میں بھرپور کردار ادا کر کے استفادہ حاصل کر سکیں۔

# آرگنائزیشنل سیٹ اپ

کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ٹریڈ آرگنائزیشن (TO) کے ساتھ رجسٹرڈ ادارہ ہے جو ڈائریکٹریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشن (DGOT) کے ساتھ منسلک ہے اور ڈائریکٹریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشن وزارت تجارت حکومت پاکستان کے ساتھ منسلک ایک ادارے کے طور پر کام کر رہا ہے 2007 میں ٹریڈ آرگنائزیشن آرڈیننس 2007 کے نفاذ کے بعد عمل میں لایا گیا جو مذکورہ آرڈیننس کی دفعات کو نافذ کرنے کے لیے ایک ریگولیٹری ادارے کی حیثیت رکھتا تھا۔ چیمبر کے معاملات کا انتظام ایک ایگزیکٹیو کمیٹی کے ذریعے چلایا جاتا ہے جو علاقے کے دائرہ اختیار میں واقع معروف مینوفیکچرنگ اور تجارتی وکاروباری برادری کی نمائندگی کرتے ہیں چیمبر کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ ایک ٹریڈ آرگنائزیشن کی حیثیت سے لائسنسوں کی تجدید اور رجسٹریشن کے علاوہ عہدیداران اور ایگزیکٹیو کمیٹی ممبران کے انتخابات اور نتائج کا عمل ڈی جی ٹی او کے قواعد وضوابط کے مطابق انجام دے۔

# مشن اور وسیع مقاصد

چیمبر کا مقصد تجارت اور صنعت کی ضروریات کو فروغ دینا ہوتا ہے اور اللہ کے فضل و کرم سے کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ان ضروریات پر سختی سے عمل پیرا ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین کمیونٹی کو تشکیل دینے کے لیے بھی کوشاں ہے جس کا نصب العین اعتماد' تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور کردار سازی پر خصوصی توجہ دینا ہے تا کہ کاروبار میں آسانی ہو۔مزید برآں KTCCI کا مشن کاروباری طبقے کے لیے آسانی' معاشی زندگی کی ترقی' خدمات سے وابستہ افراد کے معاشی مفاد کا فروغ' تعاون و ترقی اور انہیں کاروباری تحفظ دینا ہے جبکہ تجارتی' صنعتی اور خدمات سے متعلق مسائل کو زیر غور لانا' انہیں حل کرنے کے لیے جدوجہد' تاجروں اور صنعتکاروں کے معاشی مفادات کو متاثر کرنے والے عوامل کے لیے قانون سازی عمل میں لانا' حکومتی اقدامات کی حمایت یا مخالفت پر مشاورت کرنا' کاروباری شکایات کو حکومت کے نوٹس میں لانا' چیمبر کے اراکین کے مابین تنازعات کو نمٹانا' تاجروں اور خصوصاً کوھاٹ ریجن کے صنعتکاروں کے لیے تجارت' صنعت اور خدمات سے متعلق اعداد و شمار اور معلومات مرتب کرنا اور ان کی تشہیر کرنا' چیمبر کے فیصلوں پر کلی عملدر آمد کرنا' آمادہ فریقین کے مابین تجارتی لین دین سے پیدا ہونے والے تنازعات کے حل میں ثالثی کا کردار ادا کرنا' کاروبار اور لین دین میں سہولیات پیدا کرنا اور اسے مزید آسان بنانے کے لیے قواعد و ضوابط کے تحت ضابطہ اخلاق تشکیل دینا اور چیمبر کے افسران کے لیے مختلف خدمات انجام دینے کے لیے قوانین سے آگاہی دینا ہے۔

علاوہ ازیں پاکستان کے اندر یا باہر دیگر عوامی اداروں کے ساتھ بات چیت کرنا' تجارت صنعت و خدمات سے وابستہ افراد' مزدوروں کے تحفظ اور کوھاٹ ریجن کی معاشی ترقی کے لیے مشکلات اور رکاوٹیں دور کرنا مسائل کے تدارک کے لیے کنسرٹ اور اقدامات کو فروغ دینا' کوھاٹ چیمبر آف کامرس کے مقاصد کی تکمیل اس کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کر کے مقاصد کا حصول یقینی بنانا' کسٹمرز پر مشتمل ٹیم تیار کرنا' بنیادی اقدار سے متاثر' مالی طور پر ذمہ دار اور بے لوث خدمات کرنے والے افراد کو مواقع فراہم کرنا' ویلیو ایڈڈ فوائد کی فراہمی' کاروباری نوعیت اور منفرد مارکیٹنگ اور خطے کے عالمی مسابقت بڑھانے کے لیے اسٹریٹیجک قیادت فراہم کرنا' بہتر معاشی ماحول پیدا کرنے میں تعاون کرنا اور کاروباری ترقی اور خوشحالی کو فروغ دینا' کوھاٹ ریجن کے تجارتی' شہری' ثقافتی اور صنعتی مفادات کو فروغ اور تحفظ دینا' کاروباری افراد کی سرمایہ کاری کے تحفظ کے لیے اعتماد کی فضا پروان چڑھانا اور چیمبر کی کاوشوں کو دوام بخشنا' کاروباری حضرات کے ساتھ ساتھ کمیونٹی کے افراد کو درپیش مسائل حل کرنے کے لیے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانا' شہریوں' وفاقی اداروں' ضلعی انتظامیہ اور پولیس سے روابط مستحکم رکھنا اور خدمات' وکالت' ریسرچ اور معلومات کے تبادلے کے ذریعے اپنے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے کوشاں رہنا بھی کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ترجیحات میں شامل ہے۔

## چیمبر کا ریوریٹ اور ٹیکسیشن کے ٹی سی سی آئی کی مطابقت پذیر حیثیت

چیمبر ایک قانونی کارپوریٹ 2 کے طور پر ایکٹ 7 کے تحت اپنے ذمہ دارانہ کردار سے باخبر رہنے والا ادارہ ہے جس کا ڈی جی ٹی او اسلام آباد کے ساتھ واسطہ ہے جبکہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی متعلقہ دفعات کے تحت ودہولڈنگ ایجنٹ کے طور پر ایک فعال فائلر کی حیثیت سے بھی بہترین کردار ادا کر رہا ہے علاوہ ازیں ایس سی سی آئی، ایف پی سی سی آئی، ایسوسی ایٹ ٹریڈ باڈیز، اور ضلع کوھاٹ میں کام کرنے والے دیگر ایسوسی ایٹ ٹریڈ باڈیز کے ساتھ بھی ایک بہترین معاون کے طور پر کردار ادا کر رہا ہے چیمبر کا آفس اور معززین علاقہ و دیگر مہمانان گرامی سے ملاقاتوں کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے۔

کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اپنے پے رول پر انتہائی ضروری ملازمین تھے مگر کم اور محدود وسائل کے سبب چیمبر اضافی عملہ رکھنے کا متحمل نہیں ہوسکتا حالانکہ کاروباری برادری اور تجارت کے فروغ کے لیے اس کا ہونا لازمی ہے کیوں کہ پروموشنل اہداف کے لیے ان کی شراکت ضروری امر ہوتا ہے تاہم اس کمی پر قابو پانے کے لیے سیکرٹری جنرل اور فنانس اینڈ ایڈمنسٹریشن منیجر اپنا کردار ذمہ داریوں سے بڑھ کر ادا کر رہے ہیں چیمبر کے سیکرٹری جنرل کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروباری معاملات اور خصوصی تقریبات میں معاونت صدر کے سی سی آئی اور ان کے عہدیداران کے لیے ایک نعمت مترا قبہ ثابت ہوئی۔ ممبران کے معاملات کو آسان بنانے اور ان کو منظّم کرنے کے لیے چیمبر نے مختلف کمیٹیاں تشکیل دیں جن میں بعض بین الاقوامی معیارات کے مطابق مسابقتی مصنوعات سے متعلق معاملات کا انتظام کرنے اور مقامی ریگولیٹری تقاضوں کو پورا کرتی ہیں تاکہ معیار کے جائزے کے معاملات نمٹانا آئی ایس او سرٹیفیکیٹس تک محدود نہ ہوں۔ کے سی سی آئی نے تعمیل اور کارکردگی میں بہتری لانے والے ماہرین کے ساتھ شراکت داری کا عمل بھی جاری رکھا ہے تاکہ تکنیکی ضوابط اور معیارات کو سمجھنے اور بین الاقوامی معیار کے مطابق بزنس کیز Keys پر توجہ مرکوز کی جاسکے۔

# کاروباری معاملات میں خواتین کی شمولیت

کوھاٹ میں خواتین کو کاروباری معاملات میں درپیش مسائل کو حل کرنے کی غرض سے صدر کے سی سی آئی نے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی ہے جو خواتین کے کاروبار کی ترقی اور فروغ میں بھی متحرک کردار ادا کر رہی ہے اس حوالے سے 2012 میں مائیکرو تھنک انسٹی ٹیوٹ نے کوھاٹ میں خواتین تاجران کو درپیش مسائل بارے ایک تفصیلی رپورٹ تیار کی تھی جس میں یہ بات کھل کر سامنے آئی کہ خواتین تنہا کاروباری کام نہیں کر سکتیں بلکہ وہ مائیکرو، ریگولیٹری اور ادارہ جاتی فریم ورک کے تحت کام کو ترجیح دیتی ہیں اور پاکستان کے فری مارکیٹ میکنزم میں اپنے مرد ہم منصبوں کے شانہ بشانہ کاروباری معاملات نمٹاتی ہیں تاہم اس امر کو فراموش نہیں کیا جا سکتا کہ اس معاشرے میں منفی تعصّبات کا بھی گہرا عمل دخل ہے جو خواتین کی نقل و حرکت، تعاملات، فعال اقتصادی شراکت، خدمات تک رسائی اور کاروباری ترقی کو محدود کرتے ہیں کوھاٹ چیمبر کا مشاہدہ ہے کہ پاکستان بالخصوص کوھاٹ ریجن میں خواتین کاروباری طبقہ کو صنفی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا ہے اور نتیجتاً مردوں کے زیر تسلط معاشرے میں خواتین کے لیے کاروباری حالات اتنے سازگار نہیں کہ وہ کاروباری امور میں مردوں کے ساتھ مل کر کام کریں یا کھل کر اظہار خیال کریں جبکہ ان کے تحفظ کا بھی معاشرے میں بڑا فقدان ہے۔ کوھاٹ کی کاروباری خواتین جو گھروں میں سلائی کڑھائی، بوتیک، ہاتھ سے چپل بنانے، بیوٹی پارلر، صحت اور تعلیم کے اداروں سے منسلک ہیں کو یہ شکایات عام رہتی ہیں کہ انہیں وہاں تنگ کیا جاتا ہے اس حوالے سے کوھاٹ چیمبر نے ایک تفصیلی سروے کے لیے سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈیویلپمنٹ اتھارٹی پشاور سے باقاعدہ رابطہ کیا ہے تاکہ مطلوبہ سروے میں رکاوٹ بننے والے عوامل اور خواتین میں بیداری پیدا کرنے کے حوالے سے تعاون فراہم کر سکے چیمبر کے خیال میں کاروباری خواتین کو اپنے حقوق، کاروبار، مہارت، مارکیٹنگ کے تجربات اور سرمائے تک آسان رسائی بارے مکمل معلومات کا ہونا اشد ضروری امر ہے جبکہ ان کے پاس مضبوط کاروباری نیٹ ورک اور نمائندگی کا ہونا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

# کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ریویو2022-23/ ایکٹیویٹی پلان

☆ ٹیکس ہاؤس کوھاٹ بلڈنگ افتتاح کے موقع پرFBR سے متعلق کوہاٹ چیمبر کی طرف سے مختلف مسائل/تجاویز/ سفارشات

☆ فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سے ویڈیولنک کے ذریعے آن لائن میٹنگز میں حصہ لینا اور مسائل اجاگر کرنا

☆ سابق صدر کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری انجینئر سید فائق شاہ کا سیالکوٹ میں مختلف یونٹس اور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ

☆ وفاقی وزیرصنعت وتجارت سید نوید قمر سے کوھاٹ میں صنعت وتجارت کے فروغ کے سلسلہ میں ملاقات

☆ شہریار آفریدی MNA کوہاٹ کا کوہاٹ چیمبر آف کامرس کی دعوت پر سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ کا وزٹ

☆ سید عامر شاہ جنرل سیکرٹری PTI کوہاٹ کا کوہاٹ چیمبر آف کامرس کے آفس کے لئے پلاٹ فراہم کرنے کے سلسلہ میں دورہ

☆ سیکرٹری انڈسٹری خیبر پختونخوا۔ SP آپریشن کوہاٹ سے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ میں سیکورٹی ایشوز پر بات چیت اور ایکسائز پراپرٹی ٹیکس سے متعلق مسائل سے آگاہی

☆ یوم آزادی کے موقع پر کوہاٹ چیمبر کے آفس میں تقریب کا انعقاد

☆ میانخیل بازار یونین کو چیمبر آف کامرس کی ممبرشپ لینے کی دعوت اور انکم ٹیکس بارے آگاہی اجلاس

☆ انکیوبیشن سنٹر کوہاٹ یونیورسٹی سے سٹارٹ اپس پروگرامز سلسلہ ملاقات۔ سٹوڈنٹس کو سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ کا دورہ کرنے کی دعوت

☆ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ فرقان اشرف کی سربراہی میں لینڈ یوز پلان کے سلسلہ میں میٹنگ اور تجاویز

☆ کمشنر FBR ان لینڈ ریونیو عرفان عزیز سے ٹیکس پئیر کے مسائل سے آگاہی کے سلسلہ میں میٹنگ اور ٹیکس نیٹ بڑھانے پر اتفاق

☆ کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ریجنل آفس FPCCI پشاور میں کوارڈینیٹر سرتاج احمد خان اور دیگر سے صنعت وتجارت کے فروغ کے سلسلہ میں تفصیلی بریفنگ

☆ مئیر پشاور میٹروپولیٹن زبیر علی سے صوبہ بھر میں ایکسائز پراپرٹی ٹیکس نئے کارخانہ دار کے لئے استثنا میں کردار ادا کرنے کی درخواست

☆ وفاقی ٹیکس محتسب کی طرف سے گورنر ہاؤس میں صدر پاکستان ڈاکٹر محمد عارف علوی سے ملاقات اور منعقدہ تقریب میں شرکت

☆ سالانہ جنرل باڈی کے اجلاس میں تاجر برادری کو فائلر بن کر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا ممبر بننے کی دعوت

☆ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آفس میں نیشنل انکیوبیشن سنٹر سے MOU دستخط ہونے کی تقریب کا انعقاد

☆ ایوان صدر اسلام آباد میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں مختلف انویسٹرز کو اپنے علاقہ میں انویسٹمنٹ کی دعوت اور یقینی کامیابی پر بریفنگ

☆ ماحولیاتی آلودگی کے سلسلہ میں سیمینار

☆ کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے بانی رشید پراچہ کی کھٹمنڈو نیپال میں وزیر انفراسٹرکچر سے پاک نیپال تجارت پر تبادلہ خیال

☆ آل پاکستان CNG ایسوسی ایشن کے صدر سے اسلام آباد میں ملاقات اور متعلقہ افراد کے مسائل کے بارے تبادلہ خیال

☆ بانی کوہاٹ چیمبر رشید پراچہ کی ڈھاکہ بنگلہ دیش میں پاکستانی ایمبیسی کے عہدیداران سے بنگالی تاجر کے ہمراہ امپورٹ ایکسپورٹ سے متعلق اور موجود کاروباری مواقع پر بات چیت

☆ بنگلہ دیش کے مشہور بزنس مین میمن برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کی طرف سے چٹا گانگ میں عشائیہ

☆ نیپال میں پاکستانی ایمبیسی کے عہدیداران سے ملاقات

☆ گورنر ہاؤس پشاور میں مختلف وزراء سے کوکوہاٹ میں صنعت وتجارت کے فروغ میں حائل رکاوٹوں سے متعلق میٹنگ

☆ کوہاٹ چیمبر آف کامرس کے وفد کا نیشنل انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل کالج کوہاٹ کا دورہ اور باہمی تعاون پر اتفاق

☆ کوہاٹ چیمبر آف کامرس سے تعلق رکھنے والے ممبر جنرل اسمبلی سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دہلی انڈیا میں پرتپاک استقبال

☆ میونسپل گراؤنڈ میں کھیل کے فروغ کے سلسلہ میں فٹبال میچ کا انعقاد

☆ سیکرٹری انڈسٹری سے پشاور سول سیکریٹریٹ میں انکے آفس میں مختلف صوبائی ٹیکسز بارے تحفظات سے آگاہی کے لیے ملاقات

☆ گورنر ہاؤس پشاور میں صدر پاکستان ڈاکٹر محمد عارف علوی سے مختلف تجارتی امور پر منعقدہ میٹنگ میں حصہ لے کر تجاویز پیش کرنا

☆ ڈائریکٹر لائیوسٹاک سے کوھاٹ میں سرسوں آئل و متعلقہ مختلف انڈسٹری لگانے سے متعلق مشاورت

☆ اے ایچ گروپ آف کمپنیز کی انویسٹمنٹ سے متعلق اوپن ہاؤس پروگرام میں کوہاٹ چیمبر کے ذمہ داران کی شرکت

☆ سینئر صحافی اور پریس کلب کے عہدیداران سے صنعت وتجارت کے فروغ کے سلسلہ میں میڈیا کمپین کی درخواست کے لئے چیمبر آفس میں اجلاس

☆ سینئر وکلاء سے مختلف امور میں معاونت اور انویسٹمنٹ کی دعوت

☆ گورنر خیبر پختونخوا سے کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آفس کے پلاٹ کی فراہمی کے سلسلہ میں ملاقات

☆ سینئر وائس پریذیڈنٹ کوھاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے جدید میڈیکل سنٹر کا افتتاح

☆ سادات خان DSP سٹی سے انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ میں سیکورٹی ایشوز پر بات چیت

☆ سیٹیز امپرومنٹ کا خواتین بزنس سنٹر کی کوھاٹ چیمبر آف کامرس آفس میں تعمیر کے سلسلہ میں مشاورت

☆ ہاؤس بلڈنگ فنانس کوھاٹ کے وفد کا کوہاٹ چیمبر کے ساتھ مختلف پراجیکٹس متعلق آگاہی پر اجلاس

☆ کوہاٹ پولیس کا سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزٹ اور پولیس پوسٹ کے قیام کے لئے جگہ کا معائنہ

☆ راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیراہتمام انٹرنیشنل چیمبرز سمٹ میں کوہاٹ چیمبر کی طرف سے مختلف تجاویز

☆ ڈپٹی ڈائریکٹر انڈسٹری سید محسن احمد کا کوہاٹ چیمبر آفس وزٹ اور مختلف مسائل وانکے حل کے لئے میٹنگ

☆ گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی سے کوہاٹ میں مختلف آفسز کے قیام کے سلسلہ میں اہم اجلاس

☆ ضلع کرک کی سماجی و کاروباری شخصیت عماد اعظم ایڈوکیٹ سے کرک میں موجود معدنیات سے متعلق مشاورت

☆ کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ارشد حیات کا رحیم یار خان چیمبر کے ساتھ باہمی تجارت پر MOU دستخط

☆ کوہاٹ میں سیلاب زدگان کے لئے فنڈ ریزنگ اجلاس

☆ مشیر نگران وزیراعلیٰ رحمت سلام خٹک سے کوہاٹ چیمبر آف کامرس کے وفد کی ملاقات

☆ وزیر صنعت کے پی کے سے کوہاٹ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ میں سٹریٹ لائٹس گارمنٹس سنٹر اور مختلف سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں اجلاس

☆ کوہاٹ چیمبر آف کامرس کی دعوت پر گورنر خیبر پختونخوا کا سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ کا دورہ۔ پولیس پوسٹ کا افتتاح

☆ کوہاٹ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں گورنر خیبر پختونخوا کی طرف سے بہترین کارکردگی پر کوہاٹ چیمبر کو شیلڈ پیش کی گئی

☆ کوہاٹ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے ساتھ تمام ہیڈز آف ڈیپارٹمنٹس کی موجودگی میں مختلف جاری ریسرچز پر اجلاس
☆ تحصیل میونسپل آفیسر کا کوہاٹ چیمبر آفس وزٹ کمرشل پراجیکٹس پر مشاورت
☆ پریس کلب کے صدر اور عہدیداران کا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آفس کا دورہ اور ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی
☆ پراپرٹی ایسوسی ایشن کوہاٹ کے اجلاس میں کوہاٹ چیمبر کی طرف سے صنعت لگانے کی دعوت
☆ مفتی کفائت اللہ کی کوہاٹ چیمبر کو کارکردگی پر سند
☆ ڈائریکٹر ایگریکلچر ڈاکٹر شاکر اللہ مروت سے فوڈ پروسیسنگ پلانٹس سے متعلق مشاورت
☆ منسٹر انڈسٹری سے انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ میں مسجد کے قیام و دیگر مسائل کے سلسلہ میں ملاقات
☆ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کوہاٹ کا کوہاٹ چیمبر کی درخواست پر انڈسٹریل اسٹیٹ وزٹ۔ تمام مسائل کے حل کے لئے یقین دہانی
☆ کوہاٹ چیمبر آفس میں پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں پروگرام کا انعقاد
☆ ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر SIDB کا وزیر صنعت وحرفت کے احکامات پر سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ کا دورہ اور موقع پر مختلف احکامات جاری کرتے ہوئے فیصلے
☆ نگران صوبائی وزیر اعلیٰ برائے محنت ملک مہر الہی سے کوھاٹ لیبر کالونی میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ کے کوٹہ کی درخواست
☆ سیکرٹری ایگریکلچر سے کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات
☆ کوہاٹ میں قائم شدہ کلاسک نیوٹراسیوٹیکل لیب کو کوہاٹ چیمبر آف کامرس کے وفد کی طرف سے بہترین پراجیکٹ لگانے پر خراج تحسین کے لئے یونٹ کا دورہ
☆ حلال فوڈ اتھارٹی کے آفیسرز کا سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ کا دورہ اور نئے یونٹس لگانے والے افراد کے لئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی
☆ فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ پشاور میں کوہاٹ چیمبر کے وفد کی تفصیلی میٹنگ اور مسائل کے حل کے لئے تعاون کی درخواست
☆ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ سے رائلٹی فنڈز کا کچھ حصہ صنعت وتجارت کے فروغ کے لئے مختص کرنے کی درخواست
☆ فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ریجنل بلڈنگ کی تعمیر کے سلسلہ میں کنسٹرکشن کمیٹی کا اجلاس
☆ کسٹ کوہاٹ میں جاری مختلف ریسرچز سے متعلق تفصیلی آگاہی سیشن اور انڈسٹریل اسٹیٹ وزٹ کی دعوت
☆ وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے ساتھ صنعت سے متعلق پراجیکٹس کے سلسلہ میں ملاقات
☆ دوست ملک چائنہ کے تعاون سیپاک افغان براستہ کوہاٹ ریلوے لائن منصوبہ کے سلسلہ میں NASPA کے ساتھ مشاورتی اجلاس
☆ اسلام آباد FPCCI کیپیٹل آفس میں کوارڈینیٹر سے وفاق سے تعلق رکھنے والے مختلف مسائل پر میٹنگ
☆ گورنر خیبر پختونخوا کے پی کے سے وکلاء برادری اور پریس کلب عہدیداران کے ہمراہ ملاقات
☆ ٹریفک انچارج کوہاٹ کا کوہاٹ چیمبر آفس وزٹ۔ ٹریفک پلان بارے مشاورت
☆ کوہاٹ میں صنعت کو آرٹیکل 158 کے تحت گیس کنکشنز کی فراہمی کے سلسلہ میں انچارج سوئی گیس ناصر بنگش سے ملاقات



PTIجنرل سیکرٹری عامر شاہ چیمبر وزٹ



وفاقی وزیر صنعت نوید قمر سے ملاقات



کمشنر FBR سے میٹنگ



میاں خیل بازار یونین کے عہدیداران سے میٹنگ



ڈپٹی کمشنر فرقان اشرف لینڈ یوزر پلان میٹنگ




یوم آزادی کے موقع پر



وفاقی محتسب کی طرف سے گورنر ہاؤس پشاور میں سیمینار




ڈپٹی ڈائریکٹر و DD SIDB کے ہمراہ کسٹ یونیورسٹی وزٹ

# کوہاٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## دفتری ذمہ داران

| نمبر شمار | نام عہدیداران | دورانیہ |
|---|---|---|
| 1 | بانی صدر ملک محمد اسد خان<br>بانی سینئر نائب صدر رشید پراچہ | یکم اکتوبر 2013 تا 30 ستمبر 2016 |
| 2 | صدر سید فائق شاہ<br>سینئر نائب صدر ملک اقبال<br>نائب صدر اسد جاوید | یکم اکتوبر 2016 تا 30 ستمبر 2017 |
| 3 | صدر محمد جنید<br>سینئر نائب صدر ارشد حیات<br>نائب صدر محمد سعید بجی | یکم اکتوبر 2017 تا 30 ستمبر 2018 |
| 4 | صدر رشید پراچہ<br>سینئر نائب صدر محمد شاہد<br>نائب صدر عظمت جمیل بنگش | یکم اکتوبر 2018 تا 30 ستمبر 2019 |
| 5 | صدر ملک اقبال<br>سینئر نائب صدر حاجی مسافر گل<br>نائب صدر عرفان منظور پراچہ | یکم اکتوبر 2019 تا 30 ستمبر 2020 |
| 6 | صدر اسد جاوید<br>سینئر نائب صدر اعزاز احمد<br>نائب صدر ایم نعمان بنگش | یکم اکتوبر 2020 تا 30 ستمبر 2021 |
| 7 | صدر ملک محمد اسد خان<br>سینئر نائب صدر صوفیان رحمان<br>نائب صدر محسن عتیق | یکم اکتوبر 2021 تا 30 ستمبر 2022 |
| 8 | صدر ارشد حیات<br>سینئر نائب صدر پیر کامران شاہ<br>نائب صدر سید ایاز شاہ | یکم اکتوبر 2022 تا |



ٹریفک آفیسرز کی کوہاٹ چیمبر آمد



سابق صدر سید فائق شاہ سیالکوٹ چیمبر کا دورہ




FPCCI آن لائن ویڈیو لنک میٹنگز




ٹیکس ہاؤس کوہاٹ افتتاح موقع پر



MNA شہریار آفریدی سمال انڈسٹریل سٹیٹ دورہ



SP آپریشن سیکرٹری انڈسٹری سے ملاقات

# انڈکس


| صفحہ نمبر | تفصیل | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 3 | صدر کا اظہار خیال | 1 |
| 4 | توثیق آڈیٹر | 2 |
| 5 | تعارف | 3 |
| 6 | آرگنائزیشنل سیٹ اپ | 4 |
| 7 | مشن اور وسیع مقاصد | 5 |
| 8 | چیمبر کارپوریٹ اور ٹیکسیشن کے سی سی آئی کی مطابقت پذیر حیثیت | 6 |
| 9 | کاروباری معاملات میں خواتین کی شمولیت | 7 |
| 10 | دفتر ذمہ داران | 8 |
| 11 تا 14 | کوھاٹ چیمبر کارکردگی تصویری جھلکیاں | 9 |
| 15 تا 17 | ریویو رپورٹ | 10 |



نیشنل اینکوبیشن سنٹر سے MOU دستخط



ماحولیاتی آلودگی آگاہی سیمینار



ایکسپورٹ ایوارڈ، ایوان صدر پروگرام میں شرکت



آل پاکستان CNG ایسوسی ایشن سے ملاقات




نیپال، کھٹمنڈو میں وزیر انفراسٹکچر سے ملاقات



یمن بنگلہ دیش کاروباری افراد سے ملاقات



نیپال پاکستانی ایمبیسی سے ملاقات



ڈھاکہ بنگلہ دیش میں پاکستانی ایمبیسی کے عہدیداران سے ملاقات



انڈیا دہلی افراد کے طرف استقبال



نیشنل انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنس کا دورہ



میونسپل گراؤنڈ فٹبال فائنل




فوڈ سیکورٹی کے حوالہ سے میٹنگ



فسٹ انڈسٹری میٹنگ



گورنر ہاؤس صدر پاکستان میٹنگ کے بعد گروپ فوٹو



سیکرٹری انڈسٹری ملاقات



گورنر سے میٹنگ



فوڈ سیکورٹی کے حوالہ سے میٹنگ